


# 10 یہ کتنا وزن رکھتا ہے؟







عید کے موقع پر رؤف کی ماں 5 کلوگرام لڈّو بنانا چاہتی ہیں۔ وہ اس کے لیے درکار اشیا کی فہرست (ذیل میں دی گئی ہے) رؤف کو دیتی ہے اور اُن اشیا کو خرید کرلانے کے لیے کہتی ہے۔



| | |
|---|---|
| چنے کی دال کا آٹا | 2 کلوگرام |
| شکر | 3 کلوگرام |
| کشمش | 200 گرام |
| کاجو | 150 گرام |
| بادام | 100 گرام |





(a) رؤف کے خریدے جانے والے خشک میووں کا جملہ وزن کتنا ہے؟

(b) فہرست میں دی گئی اشیا کو وزن کے اعتبار سے کم سے زیادہ کی ترتیب دیجیے؟

(c) اگر رؤف کی ماں کو 10 کلو لڈو بنانے ہوں تو بتائیے کہ رؤف کو اسٹور سے ہر شئے، مزید کتنی خرید کرلانی ہوگی؟

## چائے کے شوقین



پروین اپنے والدین کے ساتھ حیدرآباد میں رہتی ہے۔ انھیں چائے پینا پسند ہے۔ ہر دفعہ تینوں کے لیے چائے بنانے کے دوران وہ 3 چمچے پتی استعمال کرتی ہے۔ روزانہ وہ تین دفعہ چائے پیتے ہیں۔ ایک چمچے میں 5 گرام پتی آتی ہے۔



SCERT TELANGANA

1۔ یہ خاندان گرما میں 4 دفعہ چائے پیتا ہے۔

(a) گرما کے ایک دن میں وہ کتنے گرام چائے کی پتی استعمال کریں گے؟

(b) وہ گرما کے ایک مہینے میں کتنی چائی کی پتی استعمال کریں گے؟ کیا یہ ایک کلوگرام سے کم ہے یا زیادہ؟

2۔ سرما میں وہ ایک دن میں 6 مرتبہ چائے بناتے ہیں۔

(a) سرما کے ایک دن میں کتنے گرام چائے کی پتی استعمال کریں گے؟

(b) سرما کے ایک ماہ میں وہ کتنی چائے کی پتی استعمال کریں گے؟ کیا یہ ایک کلوگرام سے کم ہے یا زیادہ؟

## یہ کیجئے

1۔ آپ کے قریب میں موجود کرانہ دوکان کو جائیے اور ذیل کی اشیا کو اُٹھا کر ان کے وزن کا اندازہ کیجیے پھر اُن کے اوزان دیکھ کر اپنے اندازہ کی جانچ کیجیے۔

| شئے کا نام | اندازہ کردہ وزن | حقیقی وزن |
|---|---|---|
| صابن | | |
| ٹوتھ پیسٹ | | |
| کپڑے دھونے کے پاؤڈر کا پیاکٹ | | |
| پکوان کے تیل کی پیاکٹ | | |
| نمک کا پیاکٹ | | |
| مسور کی دال کا پیاکٹ | | |


2۔ آپ کے گھر میں، پکوان میں استعمال کے لیے خریدی جانے والی کونسی اشیا گرام میں اور کونسی کلوگرام میں خریدی جاتی ہیں؟ ذیل کے جدول میں لکھیے۔

| گرام میں خریدی جانے والی اشیا | کلوگرام میں خریدی جانے والی اشیا |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |

SCERT TELANGANA

## وحید کی دکان

وحید کی پرانے سامان کی ایک بڑی دکان ہے۔ آج اس نے 45 کلوگرام اخبار، 26 کلوگرام پرانا لوہا اور 8 کلوگرام ناکارہ پلاسٹک حاصل کیا۔



1۔ ذیل کے سوالوں کے جواب دیجیے۔

(a) آج وحید نے جن اشیا کو حاصل کیا، ان کا جملہ وزن کیا ہے؟

(b) وحید نے ایک کلوگرام پرانے اخبار کے لیے 8 ادا کئے تب اس نے 45 کلوگرام کے لیے کتنی رقم ادا کی ہوگی؟

(c) وحید نے لوہے کے تمام پرانے سامان کے لیے 520 ₹ ادا کیے تو بتاؤ کہ اس نے ایک کلوگرام کے لیے کتنی قیمت ادا کی ہوگی؟

(d) اگر وحید نے تمام سامان کے لیے 1000 ₹ ادا کئے تو بتاؤ کہ اس نے 8 کلوگرام ناکارہ پلاسٹک کی کتنی قیمت دی ہوگی؟ اور ایک کلوگرام ناکارہ پلاسٹک کے لیے کتنی قیمت ادا کی گئی؟

(e) وحید نے ہر ایک سامان کو ان کی قیمت خرید سے 3₹ زائد قیمت پر فروخت کیا۔ تو بتاؤ کہ دن بھر میں وحید کی آمدنی کیا ہو گی؟

SCERT TELANGANA

# اپنا وزن معلوم کیجیے

پیمائشی اسکیل کی مدد سے اپنا اور اپنے 4 دوستوں کا وزن معلوم کیجیے اور ذیل کے جدول میں درج کیجیے۔



| نام | وزن |
|---|---|
| | ____ کلوگرام ____ گرام |
| | |
| | |
| | |

کس کا وزن سب سے زیادہ ہے؟ ______________

کس کا وزن سب سے کم ہے؟ ______________

## کرانہ دکان پر

ایک دکاندار کے پاس 170 کلوگرام چنے کی دال، 450 کلوگرام مسور کی دال اور 240 کلوگرام مونگ کی دال کا اسٹاک ہے۔ وہ ان دالوں کو 2 کلوگرام، ایک کلوگرام اور 500 گرام کی پاکٹ بنا کر فروخت کرتا ہے۔



(a) اس نے تمام مسور کی دال کے 2 کلوگرام کے پاکٹ بنائے تو بتاؤ کہ مسور کی دال کے کتنے پاکٹ تیار ہوئے؟

(b) اُس نے 80 کلوگرام چنے کی دال کو ایک کلوگرام کے پاکٹ میں اور 90 کلوگرام کو 500 گرام کے پاکٹ بنائے گئے تو بتاؤ کے اس نے ہر وزن کے کتنے پاکٹ بنائے؟

(c) 80 کلوگرام مونگ کی دال کو 2 کلوگرام کے پاکٹ، 40 کلوگرام کو 1 کلوگرام کے پاکٹ اور 120 کلوگرام کو 500 گرام کے پاکٹ بنائے۔ ہر وزن کے کتنے پاکٹ بنائے گئے؟

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

ایک کنٹل = 100 کلو گرام


ایک ٹھوک دکاندار کے ہاں اشیا کی وافر مقدار موجود ہے۔
ذیل کے جدول کو ہر شئے کے جملہ وزن سے پُر کیجیے۔

| اشیا | تھیلوں کی تعداد | ہر تھیلے کا وزن | جملہ وزن | |
|---|---|---|---|---|
| | | | کلوگرام | کنٹل |
| پیاز | 20 | 40 کلوگرام | | |
| دھان | 18 | 75 کلوگرام | | |
| مسور کی دال | 10 | 70 کلوگرام | | |

## دنیا کے سب سے زیادہ وزنی جانور

آپ کے خیال میں ایک بلّی کا وزن کتنا ہوگا؟ اسی طرح کتے، گائے اور خرگوش کا وزن کیا ہوگا؟
دنیا کا سب سے وزنی جانور آپ کے خیال میں کونسا ہے۔




(a) سوچ کر بتائیے کہ آپ کے اطراف نظر آنے والے کونسے جانور کا وزن آپ کے وزن کے برابر ہوگا؟
(b) اگر آپکی جماعت کے ہر بچے کا وزن 25 Kg ہوتو آپکی جماعت کے تمام طلبا کا مجموعی وزن ہاتھی کے وزن سے زیادہ ہوگا یا کم؟
(c) ہاتھی کا وزن آپ کے وزن کا کتنے گنا ہے؟
(d) ہاتھی کا وزن کتنے کنٹل ہے؟

SCERT TELANGANA


## زیادہ وزن لیجانے والی گاڑیاں



کنٹینر



ٹرک



لاری

## یہ گاڑیاں کتنا وزن لے جاسکتی ہیں؟

(a) ایک لاری 750 کلوگرام وزن منتقل کرسکتی ہے۔ اگر ایک کارٹن کا وزن 15 کلوگرام ہے تو ایک لاری میں ایسے کتنے کارٹن منتقل کیے جاسکتے ہیں؟

(b) ایک ٹرک 9000 کلوگرام منتقل کرسکتا ہے۔ اسلم اس ٹرک میں 50 کلوگرام وزنی چاول کے تھیلے لادرہا ہے۔ اس ٹرک میں ایسے کتنے تھیلے ڈالے جاسکتے ہیں؟

(c) ایک کنٹینر ٹرک 20,000 کلوگرام کا وزن منتقل کرسکتا ہے تو بتاؤ کہ 2500 کلوگرام وزنی کتنی کاریں اس کنٹینر ٹرک میں منتقل کی جاسکتی ہیں؟

(d) اوپر کے سوال میں دی گئی تفصیلات کے مطابق، بتایئے کہ ان میں ہر ایک ٹرک کتنے کنٹل وزن منتقل کرسکتا ہے؟

SCERT TELANGANA

### مشق

1۔ ایک آم کا وزن 400 گرام، جام کا وزن 200 گرام اور ایک خربوز کا وزن 1 کلو 200 گرام ہے۔ ان معلومات کی بنیاد پر خالی جگہوں کو پر کیجیے۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

2 آم کا وزن = ______ جام کا وزن

5 خربوز کا وزن = ______ آم کا وزن

5 آم اور دو جام کا وزن = ______ خربوز کا وزن

2۔ شائستہ نے 3 کلو 500 گرام جلیبی، 2 کلو 250 گرام میسور پاک، 1 کلو 750 گرام بالوشاہی اور 750 گرام گلاب جامن خریدے۔ شائستہ نے جملہ کتنی مٹھائی خریدی؟

3۔ ایک ڈبہ میں 8 کلو 750 گرام سیب ہیں۔ اگر ایسے 12 ڈبے ہوں تو بتاؤ کہ ان سیب کا مجموعی وزن کیا ہوگا؟

4۔ ماہ جون میں ایک اسکول کو دوپہر کے کھانے کے اسکیم کے تحت 6 کنٹل چاول فراہم کیے گیے۔ اس میں سے 475 کلو گرام چاول استعمال ہوا تو بتاؤ کہ کتنا چاول باقی رہے گا؟

5۔ اس ٹرک میں 10,000 کلوگرام وزن کا سامان منتقل کیا جاسکتا ہے۔



تو بتائیے کہ

(a) اس ٹرک میں کتنے کنٹل سامان منتقل کیا جاسکتا ہے؟

(b) اگر اس میں پہلے ہی سے 3650 کلوگرام وزن کا سامان رکھا گیا ہو تو مزید کتنے کلوگرام لادا جاسکتا ہے اور یہ وزن کتنے کنٹل کے برابر ہوگا؟

SCERT TELANGANA